سوال

(270) غیر تجارتی اور غیر مستعمل زمین کی زکوۃ کا حکم

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

زمین جو خرید کر چھوڑ دی گئی ہو، کیا اس پر زکوۃ ادا کرنا فرض ہے یا نہیں- نہ استعمال میں ہے اور نہ تجارت کے لئے ہے۔ ؟ قران وسنت کی روشنی میں جواب مرحمت فرمائیں۔ ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

ایسی زمین پر کوئی زکوۃ نہیں ہے، کیونکہ زکوۃ زرعی زمین کی آمدن پر اور تجارتی زمین کی قیمت پر ہوتی ہے، اور آپ کی یہ زمین نہ تو استعمال میں ہے، جس سے زراعت پیدا ہو، اور بقول آپ کے نہ ہی تجارتی مقصد سے لی گئی ہے۔

ھذا ما عندی واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ

جلد2